مولانا محمد اسلام حقانی
رکن موتمر المصنفین

تعارف وتبصرہ کتب

- **خطبات عزیزی** افادات: شیخ الحدیث مولانا عزیز الرحمٰن ہزاروی ترتیب: خدام حضرت شیخ مدظلہ
ضخامت: ۷ جلدیں صفحات: ۲۱۱۵ صفحات ناشر: مکتبہ الارشاد مالیر ہالٹ کراچی 03333730428

کسی سے یہ بات مخفی نہیں کہ اسلامی تعلیمات کی تبلیغ واشاعت، نشر وفروغ کے لئے بہت سے وسائل اور ذرائع، طرائق کار اور مناہج بروئے کار لائے جاسکتے ہیں جس میں درس وتدریس، تصنیف وتالیف، وعظ ونصیحت وخطابت وتقریر شامل ہے۔ان میں سے ہر ایک اپنی جگہ مفید اور بہتر ثابت ہوسکتا ہے اوران تمام شعبوں میں اہل علم فضل نے اپنے اپنے دور میں امت مسلمہ کی رہنمائی کے لئے کارہائے نمایاں سرانجام دی ہے، شعبہ خطابت سب سے زیادہ موثر ثابت ہوسکتا ہے بشرطیکہ خلوص وللّٰہیت خطیب میں نمایاں ہواور اسلوب بیان بھی اعلیٰ سطح کا رکھتا ہو، اس شعبہ کے سلسلہ میں بھی اہل علم وفضل نے اپنے نمایاں کارنامے سرکر لیے ہیں اور لاکھوں لوگوں کی رہنمائی اس شعبہ کی وجہ سے ہوئی ہو۔اور خطباء کا یہ سلسلہ تاہنوز جاری ہے۔مشہور مبلغ شیخ الحدیث حضرت مولانا عزیز الرحمٰن ہزاروی مدظلہ کی شخصیت سے کون ہیں جو واقف نہ ہوان کا شماران اکابر میں کیا جاتا ہے جو بہت ہی قلیل اور گنے چنے ہیں، اللہ پاک نے موصوف کو بے شمار صلاحیتوں اور صفات وکمالات سے نوازا ہے موصوف جامعہ بنوریہ سائٹ کراچی کے شیخ الحدیث اور اور مسجد قباء میٹرول کراچی کے خطیب ہیں اور ایک موثر اسلوب بیان اور طرز خطابت کے مالک خطیب ہے عرصہ دراز سے خطابت کے فرائض سرانجام دے رہے ہیں اور عوام الناس کی رہنمائی کے لئے شب وروز کوشاں ہیں:

زیر تبصرہ کتاب ''خطبات عزیزی'' موصوف کی خطبات کا گلدستہ ہے موصوف نے مختلف مواقع پر جو بیانات اور جمعۃ المبارک میں جو تقریریں کی ہے ان کے قابل شاگردوں نے اسے ضبط تحریر میں لاکر کتابی صورت میں شائع کرنے کی سعادت حاصل کی ہے۔سات جلدوں پر مشتمل یہ کتاب انسانی زندگی کے تمام گوشوں اور پہلوؤں پر مشتمل ہے جس میں اسلامی تعلیمات کی روشنی میں انسانوں کو سیدھے راستے پر چلنے کی تلقین کی گئی ہے، جس میں عقائد، سیرت، اسوہ حسنہ، معاشرتی مسائل، سماجی مسائل اصلاح وتزکیہ نفس، تصوف وسلوک، عائلی مسائل وغیرہ پر سیر حاصل روشنی ڈالی گئی ہے۔

خطبات کی کتابیں اکثر غیر ثقہ باتوں پر مشتمل ہوتی ہے لیکن زیر تبصرہ کتاب انتہائی ثقہ معلومات